سوال

کیا یہ بات درست ہے کہ اللہ تعالیٰ جھوٹ بولنے کی قدرت تو رکھتے ہیں مگر ایسا نہیں کرتے ؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالی کی تمام صفات کاملہ ہیں۔ اللہ تعالی میں کوئی نقص اور عیب نہیں ہے اور نہ ہی کوئی ایسی صفت ہے جو مذموم ہو۔ جھوٹ بولنا عیب اور مذموم صفت ہے اور اللہ تعالی ہر قسم کے عیب اور مذموم صفات سے پاک ہے۔

امام عبد الرحمن معلمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں :

یہ بات دین کے ان ضروری اور بدیہی امور میں سے ہے، جس کی گواہی صحیح فطرت اور درست عقلیں بھی دیتی ہیں کہ یہ بالکل محال اور ناممکن ہے کہ رب العالمین سے جھوٹ صادر ہو۔ آخر اللہ تعالیٰ کی ذات سے جھوٹ صادر ہونا کیسے تصور کیا جا سکتا ہے، جبکہ وہ غیب اور ظاہر کا جاننے والا، ہر چیز پر قادر، ہر چیز سے بے نیاز، حکمت والا اور حمد و ستائش کا مستحق ہے، اور تمام حمد اسی کے لیے ہے۔ لہذا اللہ تعالیٰ اس بات سے پاک ہے کہ اس کی طرف سے جھوٹ صادر ہو یا وہ کوئی ایسا کام کرے جو حکمت کے خلاف ہو۔

اور یہی اعتقاد پاکیزہ فطرتوں اور صاف ستھری عقلوں کا تقاضا ہے۔ ہر وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کے وجود، اس کے کامل علم اور کامل قدرت پر حقیقی ایمان رکھتا ہے، وہ اس بات کو تسلیم کرتا ہے۔ (دیکھیں : القائد إلی تصحیح العقائد، ص 85-88)

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ عبد الخالق حفظہ اللہ